پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

## عمومی سیاسی رائے

# 51% پاکستانیوں نے سیاستدانوں پر کم از کم کسی نہ کسی پیمانے پر اعتماد کا اظہار کیا۔


(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،

(اسلام آباد)، 24 جنوری، 2023

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، نصف پاکستانیوں نے سیاستدانوں پر کم از کم کسی نہ کسی پیمانے پر اعتماد کا اظہار کیا۔

سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل شعبوں پر کس حد تک اعتماد کرتے ہیں ؟ — سیاستدانوں پر "**۔ اس سوال کے جواب میں، 13% جوابدہندگان کے مطابق وہ سیاستدانوں پر ''مکمل طور پر اعتماد'' کرتے ہیں، 20% جوابدہندگان کے مطابق وہ سیاستدانوں پر ''کسی حد تک اعتماد'' کرتے ہیں، 18% جوابدہندگان کے مطابق وہ سیاستدانوں پر ''بہت کم اعتماد'' کرتے ہیں، جبکہ 44% جوابدہندگان کے مطابق وہ سیاستدانوں پر ''بالکل بھی اعتماد نہیں'' کرتے ہیں، تاہم 5% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل شعبوں پر کس حد تک اعتماد کرتے ہیں؟ —سیاستدانوں پر؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

دیہی شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج کا تجزیہ کیا جائے تو یہ دیکھا جاسکتا ہے کہ، سیاستدانوں پر بالکل بھی اعتماد نہ ہونے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح دیہی علاقوں کی نسبت شہری علاقوں میں 7% زیادہ پائی گئی، دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے 42% افراد اور شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے 49% افراد نے سیاستدانوں پر بالکل بھی اعتماد نہ ہونے کی اطلاع دی۔


## دیہی شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

صوبے کے اعتبار سے نتائج کا موازنہ کیا جائے تو یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ وہ افراد جن کا سیاستدانوں پر بالکل بھی اعتماد نہیں ہے کی سب سے زیادہ شرح سندھ میں 53% پائی گئی، اس کے بعد اس حوالے سے سب سے زیادہ شرح پنجاب میں 45% پائی گئی، اس کے بعد اس حوالے سے سب سے زیادہ شرح خیبر پختونخواہ میں 40% پائی گئی، جبکہ وہ افراد جن کا کہنا ہے کہ وہ سیاستدانوں پر بالکل بھی اعتماد نہیں کرتے ہیں کی سب سے کم شرح بلوچستان میں 30% پائی گئی۔

## صوبوں کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 747 مرد و خواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, January 24, 2023**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating 43 years of Gallup Pakistan (1980-2023)